بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

Wifaq-ul-Madaris-il-Arabia, Pakistan.

وفاق المدارس العربیہ پاکستان

وفاق المدارس العربیۃ پاکستان

فون نمبر: 061-6514525 - 26 - 27

مرکزی دفتر: گارڈن ٹاؤن شیر شاہ روڈ مُلتان

حوالہ نمبر: AM- 10758 -1445/s

تاریخ: 26-12-1445
03-07-2024

گرامی قدر حضرت مولانا.. صاحب زید مجدہم

مسئول: وفاق المدارس العربیہ پاکستان

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

گزشتہ کچھ دنوں سے کم عمر بچوں کی گمشدگی کے واقعات تسلسل کے ساتھ پیش آ رہے ہیں۔ اکابر وفاق نے اس پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اس حوالے سے آ گاہی مہم چلانے کی ہدایت کی ہے۔

آپ سے گزارش ہے کہ اپنے حلقہ مسئولیت میں اہل مدارس کو تاکید کریں کہ اپنے طلبہ کی حفاظت کے لیے ہر ممکن اقدام کریں۔ اپنی وسعت کے مطابق سیکورٹی کیمروں کا اہتمام کریں۔ کوئی طالب علم مدرسہ سے اپنے والدین/سرپرست کے علاوہ کسی کے ساتھ نہ جائے۔ چھوٹے طلبہ کو وقفے کے اوقات میں بھی مدرسہ سے باہر نہ جانے دیا جائے۔

نیز بچوں کے والدین کو بھی ہدایت کی جائے کہ وہ اس سلسلے میں خصوصی احتیاطی تدابیر اختیار کریں۔ بچوں کو خود مدرسہ پہنچانے اور واپس لے جانے کا اہتمام کریں۔

امید ہے کہ اس آ گاہی مہم سے ان واقعات کا سد باب ہو سکے گا۔

والسلام

عبدالمجید
ناظم مرکزی دفتر
وفاق المدارس العربیہ پاکستان

وفاق المدارس

کاپی برائے:

حضرت صدر وفاق دامت برکاتہم العالیہ

حضرت ناظم اعلیٰ وفاق دامت برکاتہم العالیہ

معزز صوبائی ناظمین وعلاقائی معاون ناظمین